# 18-11-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دہلی میں منعقدہ چھٹویں قومی جل ایوارڈ 2024 کے پہلے جل سنچائے جن بھاگیدری ایوارڈ تقسیم کیئے۔تلنگانہ ریاست کو پہلا مقام حاصل۔مختلف اضلاع کے کلکٹرس اور عہدیداروں نے حاصل کئے ایوارڈس۔

......آنے والے مارچ تک حیدرآباد میٹرو ریل پراجکٹ کے دوسرے مرحلے کو منظوری دی جائے گی۔مرکزی وزیر منوہر لال کا بیان۔

......تین ٹریلین معاشی نظام کے مقصد کے تحت 13 فیصد جی ڈی پی میں اضافے کے نشانے کے لئے 2047 کے روڈ میاپ کو جاری کیا جائے گا۔نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا۔کا بیان۔

......آندھرا پردیش کے الوری سیتارامارا جو ضلع ماریڈوملی جنگلات علاقے میں آج سیکوریٹی فورسس اور ماوسٹوں کے درمیان انکاونٹر ہوا۔آپریشن میں چھ ماوسٹ ہلاک ہوئے۔

PRESIDENT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دہلی میں منعقدہ چھٹویں قومی جل ایوارڈ 2024 کے پہلے جل سنچائے جن بھاگیدری ایوارڈ تقسیم کیئے۔اس موقع پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ پانی کی حفاظت کے لئے سب کو مشترکہ طور پر کام کرنا چاہیے۔اور یہ سب کی ذمہ داری ہے۔انہوں نے پانی کے بچت ایوارڈ یافتگان کو مبارکباد دی۔جل سنچائے جن بھاگیدری ملک میں تلنگانہ ریاست کو پہلا مقام حاصل ہوا۔مرکزی جل شکتی محکمے کی جانب سے منعقد کئے گے چھٹویں قومی جل ایوارڈ 2024 میں تلنگانہ نے قومی سطح پر چھٹواں رینک حاصل کیا ہے۔مرکزی حکومت 2024 میں شروع کئے گئے اس پروگرام کے تحت تلنگانہ میں جملہ پانچ لاکھ بیس ہزار تین سو باسٹھ کاموں کو مکمل کر چکی ہے۔بہترین کاموں کی انجام دہی کرنے والے ریاستوں۔اضلاع۔میونسپل کارپوریشن کو تین زمروں میں تقسیم کرتے ہوئے ایوارڈس دیئے گئے۔ضلع واری سطح میں کیٹگری ون کے تحت دکشن زن سے تین ضلعوں کو منتخب کیا گیا۔ان تینوں کو تلنگانہ نے حاصل کیا۔عادل آباد۔نلگنڈہ۔منچریال۔اضلاع نے نقد رقم کا ایوراڈ بھی حاصل کیا۔گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کے علاقے میں پانی کی حفاظت کے اقدامات کے تحت حیدرآباد میٹرو کارپوریشن پانی کی سربراہی۔ڈریج کے پانی کی نکاسی کے بورڈ نے میونسپل کارپوریشن میں دوسرا رینک حاصل کیا۔جبکہ کیٹگری تین میں بھدرادری کوتہ گوڑم۔محبوب نگر۔ایک۔اور تین رینک میں شامل ہوئے۔

URBAN DEVOLPMENT

آنے والے مارچ تک حیدرآباد میٹرو ریل کے دوسرے مرحلے کے پراجکٹ کو منظوری ملنے کا امکان ہے۔اس بات کا اعلان مرکزی وزیر منوہر لال نے کیا۔ حیدرآباد میں جنوب مشرقی ریاستوں کا اجلاس منعقد ہوا۔اس اجلاس کے بعد مرکزی وزیر نے میڈیا سے بات کی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی اور ریاستی حکومتیں نصف خرچ برداشت کرتے ہوئے میٹرو ریل کے دوسرے مرحلے کے کاموں کے لئے فنڈ مختص کئے جائیں گے۔

Sound byte MININSTER MANHOAR ALAL

مرکزی وزیر منوہر لال نے کہا کہ موسی ندی کی بحالی کے پراجکٹ کو مکمل کرنے کے لئے مرکز ریاست کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی۔

Sound byte MININSTER MANHOAR ALAL

اس اجلاس میں تلگو ریاستوں کے علاوہ مہاراشٹرا۔ گجرات۔ گوا۔ دامن دیو کے اعلی عہدیداروں نے شرکت کی۔

BHATTI

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ ریاستی حکومت آنے والے آٹھ اور نو تاریخ کو منعقد کرنے والے 2047 تلنگانہ رائزنگ تقریب میں تمام اقسام کے پالیسیوں کا اعلان کرے گی۔اس تقریب میں بینکرس کو حصہ لینے کا انہوں نے مشورہ دیا۔ نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا نے آج بیگم پیٹ میں ایک پرائیوٹ ہوٹل میں منعقد کئے گئے بینکرس کے 47ویں سہ ماہی اجلاس میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی۔اوراس تقریب سے خطاب بھی کیا۔انہوں نے کہا کہ تین ٹریلین معاشی نظام کے مقصد کے تحت 13 فیصد جی ڈی پی میں اضافے کے نشانے کے لئے 2047 کے روڈ میاپ کو جاری کیا جائے گا۔

BANDI

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے راجنا سرسلہ ضلع کے ویملواڑہ میں میڈیا سے خطاب کیا۔اس موقع پر انہوں نے اربن نکسل کے جھانسے میں آ کر اپنی جانوں کو ختم نہ کرنے ماوسٹوں کو مشورہ دیا۔انہوں نے کہا کہ اربن نکسل کے کہنے اور کرنے میں فرق پایا جاتا ہے۔

ADLURI

ریاستی وزیر اڈلوری لکشن نے کہا کہ عوامی حکومت تلنگانہ ریاست کو ڈرگس سے پاک بنانے کے لئے سخت اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے گاندھی میڈیکل کالج میں سوامی ویویکانندا آڈیٹوریم میں منعقدہ ریاستی معذورین اور عمر دراز افراد۔ٹرانس جینڈر۔کو بااختیار بنانے کے لئے منعقد کئے گئے نشہ مکت بھارت ابھیان کے پانچویں سالانہ اجلاس میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو تعلیم ۔روزگار۔ سے مربوط کرنے کے لئے حکومت خصوصی توجہ دے رہی ہے۔

PM AP TN VISIT

وزیر اعظم نریندر مودی کل آندھرا پردیش۔ تاملناڈو۔ ریاستوں کا دورہ کریں گے۔اس موقع پر وزیر اعظم پہلے آندھرا پردیش کے دورے پر

جائیں گے۔اورآندھراپردیش کے پوٹاپرتی میں منعقد ہونے والے بھگوان سری ستیہ سائی بابا کی صدی تقاریب میں شرکت کریں گے۔اس موقع پروزیراعظم بھگوان سری ستیہ سائی بابا کے مندر مہاسمادھی پرخصوصی پوجا کریں گے۔اس موقع پروزیراعظم بھگوان شری ستیہ سائی بابا کی زندگی۔ان کی تعلیمات اور مستقل وارثت کے اعزاز میں ایک یادگاری سکہ اور ڈاک ٹکٹ بھی جاری کریں گے۔اس کے بعد وزیراعظم ٹاملناڈو کے کوئمبتور کو جائیں گے اور یہاں دکشن بھارت زرعی کانفرنس کا آغاز کریں گے۔اس موقع پر وزیراعظم ملک بھرمیں 9۔کروڑ کسانوں کے لئے 18۔ہزار کروڑ روپیوں کے پی ایم کسان کی اکیسیوں قسط جاری کریں گے اور بعدازاں ایک جلسے سے خطاب کریں گے۔

ELECTION

پنچایت انتخابات کے ضمن میں ریزرویشن پرکابینہ کی جانب سے لئے گئے فیصلے پراس پرتیاری کرنے کا الیکشن کمیشن نے فیصلہ لیا۔کابینہ کے تازہ فیصلے پر بی سی ریزرویشن کو 42 فیصد سے 22 فیصد کرتے ہوئے اس میں 20 فیصد کرتے ہوئے اس میں 20 فیصد جنرل کیٹگیری میں شامل کرتے ہوئے اس پردوبارہ محکمہ پنچایت راج کی جانب سے فہرست تیار کی جائے گی۔یہ عمل مکمل ہونے پرڈسمبر کے دوسرے ہفتے میں پنچایت انتخابات کے لئے انتخابی شیڈول جاری ہونے کا امکان ہے۔کابینہ کے فیصلے کے بعد اس معاملے پر ریاستی پنچایت راج اور الیکشن کمیشن خصوصی دلچسپی لے رہا ہے۔

PRE BUDGET

مرکزی وزیرفینانس نرملا سیتارامن نے آج نئی دہلی میں منعقدہ چوتھے پری بجٹ اجلاس کی صدرات کی۔اورآنے والے مرکزی بجٹ 2026-27 سے متعلق مارکٹ کے حصہ داروں سے متعلق منعقد ہونے والے اس اجلاس میں مرکزی مملکتی وزیرفینانس۔پی پی چودھری اور مرکزی فینانس سکریٹری اور ہندوستانی حکومت کے معاشی مشیراور دیگر نے شرکت کی۔حکومت ماہرین معاشیات اور ریاستی عہدیداروں کے ساتھ ہرسال پری بجٹ اجلاس منعقد کررہی ہے۔

HIDMA

آندھراپردیش کے الوری سیتارامارا جوضلع مارِیڈوملی جنگلات علاقے میں آج سیکوریٹی فورسس اور ماوسٹوں کے درمیان انکاونٹر ہوا۔اس آپریشن میں چھ ماوسٹ ہلاک ہوئے۔ ہلاک ہونے والوں میں سینئر ماوسٹ لیڈر اور مرکزی کمیٹی کے رکن مادیوا ہیڈما اور ان کی اہلیہ راجے کے ساتھ دیگر ماوسٹ شامل ہیں۔آج صبح چھ بجے سیکوریٹی فورسس نے اس علاقے میں کمبنگ آپریشن کوانجام دیا۔آندھر پردیش ڈی جی پی ہریش کمار گپتا نے یہ بات بتائی۔آندھراپردیش۔چھتیس گڑھ۔اڑیسہ کے سرحدی علاقوں میں ماوسٹوں کی نقل وحرکت پر ملنے والی ایک اطلاع پر یہ آپریشن انجام دیا گیا۔

KTR

بی ارایس کے کارگذارصدروسابق وزیرکے ٹی راماراونے کہاکہ کانگریس حکومت عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام ہوگئی

ہے۔فصلوں کی پیداوار کی خریداری میں بھی حکومت ناکام ہوئی ہے اس لئے کسان پریشانی کا سامنا کر رہے ہیں۔انہوں نے آج عادل آباد مارکٹ یارڈ کا دورہ کیا۔کپاس۔سویا۔کے کسانوں کے مسائل سے واقفیت حاصل کی۔

VEMALVADA

مذہبی رہنما شنومکھ شرما نے راجنا سرسلہ ضلع کے ویملواڑہ بھیمشورا سدن میں کل رات انہوں نے شیوا کرونائم پر خطاب کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ دکشن کاشی کے طور پر مشہور ویملواڑہ۔سری راجاراجیشورا سوامی مندر کو تاریخی اہمیت حاصل ہے۔چولا کیوں کے دور سے یہ بہت ہی مشہور ہے۔

GSI

جیالوجیکل سروے آف انڈیا کی جانب سے ملک کے لئے کئے گئے 175 سالہ خدمات کے ضمن میں مرکزی وزیر جی کشن ریڈی۔جمعرات کو جئے پور میں ایک بین الاقوامی سیمینار کا آغاز کریں گے۔اس دوروزہ پروگرام میں گیارہ امور پر-9پلینری اجلاس منعقد ہوں گے۔جس میں مقررین خطاب کریں گے۔اور 300 سے زائد تکنیکی پوسٹر اور پریزنٹیشن پیش کیا جائے گا۔

WEATHER

اس ماہ کے 23 تاریخ تک آندھراپردیش۔کیرالہ۔پاڈوچری۔کاریکل تاملناڈو میں بھاری بارش ہونے کی محکمہ موسمیات نے پیش قیاس کی ہے۔تلنگانہ۔چھتیس گڑھ۔مشرقی راجستھان اور وسطی مہاراشٹرا اور مدھیہ پردیش میں سرد ہوائیں چلنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔